بحریہ کے 75 ویں بحری بیڑے کی مقتدرانہ اور باعزت واپسی پر مبارکباد - 12 /Sep/ 2021

بحریہ کے 75 ویں بحری بیڑے کی مقتدرانہ اور باعزت واپسی پر مبارکباد دیتے ہوئے ، آیت اللہ خامنہ ای نے بحر اوقیانوس میں سفر کرنے والے تاریخی مشن کے کمانڈر اور اس کے عملے کا شکریہ ادا کیا۔

اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج کے کمانڈر انچیف میجر جنرل موسوی کو خطاب کرتے ہوئے مسلح افواج کے سپریم کمانڈر کا مکمل پیغام مندرجہ ذیل ہے:

بسمہ تعالی

میں بحر اوقیانوس میں نیوی گیشن کے اہم مشن سے اسلامی جمہوریہ ایران بحریہ کے 75 ویں بحری بیڑے کی مقتدرانہ اور باعزت واپسی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ، جو ملکی سمندری جہاز کی تاریخ میں پہلی بار انجام دیا گیا ہے۔

آج ، خدا کے فضل سے ، اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج اپنی بصیرت ، جوش اور انتھک عملے کے ساتھ میدان میں موجود ہے اور عظیم اسلامی انقلاب کے بلند مقاصد کی طرف تیزی سے پرواز کرنے کے لیے آمادہ ہے۔ ان صلاحیتوں کو برقرار رکھیں اور ان میں روزبروز اضافہ کریں۔

کمانڈر اور بیڑے کے معزز عملے کے ہر فرد کو میری طرف سے شکریہ اور شاباش پیش کریں۔